170835-دوران عدت بیوہ سے شادی کرلی

سوال

ایک شخص نے بیوہ عورت سے دوران عدت ہی شادی کرلی ابھی اس کے خاوند کے فوت ہونے کی عدت مکمل نہیں ہوئی تھی، اوریہ واقعہ آج سے تقریبا تیس برس قبل شریعت سے لاعلمی کی بنا پر پیش آیا تھا، اب ان دونوں کی اولاد بھی ہے، اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے، برائے مہربانی یہ بتائیں کہ اب کیا کیا جائے ؟

پسندیدہ جواب

اول :

جس عورت کا خاوند ہوجائے اوروہ حاملہ نہ ہوتو اسے چارہ ماہ دس دن عدت گزارنی ضروری ہے کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور تم میں سے وہ لوگ جو فوت ہو جائیں اوراپنی بیویاں چھوڑجائیں تو وہ عورتیں چارماہ دس دن انتظار کریں}.البقرۃ (234).

اوراگر بیوی حاملہ ہو تواس کی عدت وضع حمل سے ختم ہوگی؛کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور حمل والیوں کی عدت یہ ہے کہ وہ اپنے حمل وضع کرلیں}.الطلاق (4).

اس لیے اگر عورت نے دوران عدت نکاح کرلیا توعلماء کرام کے متفقہ فیصلہ کے مطابق اس کا نکاح باطل ہوگا، اوران دونوں کے مابین علیحدگی کرانا ضروری ہے.

ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"عدت والی عورت کے لیے بالاجماع دوران عدت نکاح کرنا جائزنہیں، وہ عدت کوئی بھی ہو کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{جب تک عدت ختم نہ ہوجائے تم عقد نکاح کا ارادہ مت کرو}..

اور اگر وہ دوران عدت شادی کرلے تو اس کا نکاح باطل ہے" انتہی

دیکھیں: المغنی (8/100).

اس لیے اس عورت اور اس کے دوسرے خاوند کے مابین علیحدگی کرانا ضروری ہے، پھر وہ اپنی پہلے خاوند سے عدت مکمل کریگی، اور جب پہلے کی عدت سے فارغ ہوجائے تو دوسرے شخص کے لیے نیا عقد کرنا جائز ہوگا.

ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"جب یہ ثابت ہوجائے تو اسے اس عورت سے علیحدہ ہونا لازم ہے، اور اگر وہ ایسا نہ کرے تو دونوں کے مابین علیحدگی کرانا واجب ہوگی، اگر وہ اسے چھوڑ دے یا ان کے مابین علیحدگی کرا دی جائے تو اس عورت پر پہلے سے عدت پوری کرنا ہوگی؛ کیونکہ اس کا پہلے حق ہے، اور صحیح نکاح میں وطئ سے اس کی عدت واجب ہوئی ہے.

لہذا جب وہ پہلے کی عدت پوری کرلے تو اس پر واجب ہے کہ وہ دوسرے کی عدت بھی پوری کرے، دونوں عدتیں آپس میں ایک دوسرے میں داخل نہیں ہونگی؛ کیونکہ یہ دو مردوں سے ہیں، امام شافعی رحمہ اللہ کا یہی مسلک ہے.

پھر انہوں نے یہی قول عمر بن خطاب اور علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالی عنہما سے نقل کرتے ہوئے کہا ہے:

"خلفاء میں سے دو خلفاء کے یہی دو قول ہیں ان اقوال کا صحابہ کرام میں کوئی مخالف نہیں، اور اس لیے بھی کہ یہ دو آدمیوں کا حق ہے، لہذا ایک دوسرے میں داخل نہیں ہوسکتا" انتہی

دیکھیں: المغنی (8/101).

پھر پہلے کی عدت ختم ہونے پر دوسرے
شخص کے لیے نکاح کرنا جائز ہے، عدت ختم ہوتے ہی وہ نکاح کر سکتا ہے.

ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"امام شافعی رحمہ اللہ کا نیا قول
یہ ہے کہ : پہلے کی عدت ختم ہونے پر اسے نکاح کا حق حاصل ہے، اس کی اپنی عدت میں اس
عورت سے نکاح کرنے سے اسے منع نہیں کیا جا سکتا کیونکہ عدت تو نسب کو محفوظ اور
نطفہ کو پاکیزہ کرنے کے لیے مشروع کی گئی ہے، اور یہاں نسب مرد کی طرف منسوب کیا
جائیگا، تو یہ اس کے مشابہ ہوا کہ اگر وہ اس سے خلع کر کے پھر دوران عدت نکاح کر
لے، یہ قول بہتر اور نظر کے بھی موافق ہے ... " انتہی

دیکھیں : المغنی (100/8).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کہتے
ہیں :

"قواعد کے اعتبار سے راجح یہ ہے کہ
وہ اس کے لیے پہلے کی عدت ختم ہونے پر حلال ہو جائیگی، خاص کر جب وہ توبہ کر کے اللہ
کی طرف رجوع کرتا ہے؛ کیونکہ یہ عدت تو اس کی اپنی ہی تھی " انتہی

دیکھیں : الشرح الممتع (383/13).

دوم :

اگرچہ یہ نکاح باطل ہے مگر یہ ہے کہ
نکاح شبہ ہونے کی بنا پر اس کی اولاد اسی کی طرف منسوب ہوگی، یہاں شبہ نکاح حکم
شرعی سے جہالت ہے.

ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"جب کوئی شخص کسی عدت والی عورت سے
شادی کرے، اور دونوں یعنی عورت و مرد کو عدت کا علم بھی ہو، اور دوران عدت نکاح
حرام ہونے کا علم رکھتے ہوں، اور وطئ کی حرمت بھی جانتے ہوں تو یہ دونوں زانی، دونوں

کو زنا کی حد لگائی جائیگی، اور عورت کو مہر نہیں ملے گا، اور نہ ہی مرد کی طرف نسب کی نسبت کی جائیگی.

لیکن اگر وہ عدت سے جاہل ہوں یا اس کی حرمت کا علم نہ رکھتے ہوں، تو نسب ثابت ہوگا، اور حد نہیں لگائی جائیگی، اور مہر دینا واجب ہوگا" انتہی

دیکھیں: المغنی (103/8).

واللہ اعلم.